میڈیا سنٹر کی ۳؍ فلمیں نیشنل سائنس فلم فیسٹول کیلئے منتخب

سارے ہندوستان میں منفرد اعزاز، وائس چانسلر ڈاکٹر اسلم پرویز کا اظہار مسرت

حیدرآباد (پریس ریلیز) مولانا آزاد نیشنل اردو یونیورسٹی کے انسٹرکشنل میڈیا سنٹر (مرکز برائے تدریسی ذرائع ابلاغ) کی تین فلموں کو وگیان پرسار، محکمہ سائنس وٹکنالوجی، حکومت ہند نے نویں قومی سائنس فلم فیسٹول ۲۰۱۹ء کے لیے منتخب کیا ہے۔ یہ باوقار فیسٹول ۲۷؍ تا ۳۱؍ جنوری ۲۰۱۹ء موہالی، چندی گڑھ میں منعقد ہوگا۔ ڈاکٹر محمد اسلم پرویز، وائس چانسلر نے قومی سائنس فلم فیسٹول کے لیے اردو زبان کی تین فلموں کے انتخاب کو نہ صرف میڈیا سنٹر بلکہ ساری یونیورسٹی اور اردو زبان کے لیے باعث فخر قرار دیا۔

انہوں نے اپنے ایک پیام میں میڈیا سنٹر کے ڈائرکٹر رضوان احمد اور ان کی ٹیم کو اس غیر معمولی کامیابی پر مبارکباد دی۔ ڈائرکٹر آئی ایم سی رضوان احمد کے مطابق اس نیشنل فیسٹول کا مقصد سائنس کو مقبول عام بنانا ہے۔ اردو یونیورسٹی، میڈیا سنٹر کی تین فلمیں "بھارت رتن ڈاکٹر اے پی جے عبدالکلام" (ہدایت کار: عبیداللہ ریحان)، پروفیسر یو آر راؤ (ہدایت کار: محمد مجاہد علی) اور اسٹیفن ہاکنگ (ہدایت کار: عمر اعظمی) فیسٹول کے انٹرفیس زمرہ میں منتخب ہوئی ہیں۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ اس زمرہ میں منتخب ۱۵؍ فلموں میں سے ۳؍ کا تعلق مانو کے میڈیا سنٹر سے ہے، جبکہ دیگر قومی اداروں کی بمشکل ایک فلم اس فہرست میں شامل ہے۔ رضوان احمد نے اس انتخاب کو اردو یونیورسٹی بالخصوص، میڈیا سنٹر کے لیے ایک منفرد اعزاز قرار دیا۔

اردو یونیورسٹی کا میڈیا سنٹر واحد ادارہ ہے جس کی تین متاثر کن فلموں کا انتخاب ہوا ہے۔ رضوان احمد نے اس یقین کا اظہار کیا کہ میڈیا سنٹر کی فلموں کو انٹرفیس زمرہ میں ضرور انعام حاصل ہوگا۔ انہوں نے وائس چانسلر ڈاکٹر محمد اسلم پرویز کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے میڈیا سنٹر کو کام کرنے کی بھرپور آزادی دی اور ہر طرح سے مدد کی۔